BULE-001

Bachelor's Degree Programme (BDP)

ASSIGNMENT
(July 2024 & January 2025 Sessions)

اردو ساخت کے عناصر

(Elements of Urdu Structure)
BULE-001

Discipline of Urdu
School of Humanities
Indira Gandhi National Open University
Maidan Garhi, New Delhi-110068

اسائن مینٹ

بی-اے اردو (اختیاری) پروگرام

عزیز طلبا/ طالبات!

یہ امید کی جاتی ہے کہ آپ نے اپنے اس کورس کو دل لگا کر پڑھا اور اسے سمجھا ہوگا۔ اس کی جانچ پرکھ کے لیے آپ کے اس کورس میں ایک اسائن مینٹ رکھا گیا ہے۔ یہ اسائن مینٹ آپ کے مطالعے اور صلاحیت کو جانچنے پرکھنے کا ایک نہایت موثر ذریعہ ہے تاکہ آپ اپنا جائزہ خود لے سکیں۔ اسائن مینٹ اپنے مقررہ وقت میں جمع کرنا ضروری ہے تاکہ آپ امتحان میں بیٹھنے کے لائق ہو سکیں۔ اسائن مینٹ جمع کیے بغیر آپ امتحان میں نہیں بیٹھ سکتے ہیں۔ یہ اسائن مینٹ آپ کی صلاحیت میں نکھار پیدا کرے گا اور آپ کی معلومات میں اضافہ کرے گا۔ اس لیے آپ اپنے اس کورس کی اکائیوں کا بغور مطالعہ کیجیے۔ دوران مطالعہ اگر ذہن میں کوئی سوال پیدا ہو یا کچھ باتوں کو سمجھنے میں دشواری پیش آئے تو آپ اپنے اسٹڈی سنٹر جاکر اپنے کاؤنسلر سے رابطہ کیجیے۔ یہ اسائن مینٹ ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ (TMA) ہے جو پورے کورس کا احاطہ کرتا ہے اور سو (100) نمبروں پر مشتمل ہے۔

مقصد:

اس اسائن مینٹ کا مقصد یہ پتا لگانا ہے کہ آپ نے اپنے اس کورس کے تمام بلاک کی تمام اکائیوں کا مطالعہ کرتے ہوئے اسے کتنا سمجھا اور اس سے کس قدر فائدہ اٹھایا ہے۔ اس اسائن مینٹ کا مقصد یہ بھی معلوم کرنا ہے کہ اس کورس کا مطالعہ کرکے آپ کی معلومات میں کس قدر اضافہ ہوا اور آپ کی صلاحیت میں کتنا نکھار پیدا ہوا ہے۔

مشورہ:

سوالوں کو غور سے پڑھیے اور ان نکات کو سمجھیے جن پر سوالات کی بنیاد ہے۔ ضروری باتیں نوٹ کرکے انھیں منطقی ربط کے ساتھ پیش کیجیے۔ سوالوں کے جوابات کتابوں سے نقل کرنے کے بجائے اپنے الفاظ میں لکھیے۔ اکائیوں کی عبارت کو ہو بہو نقل کرنے سے گریز کیجیے۔ اپنے جوابات محتاط ہو کر تجزیاتی انداز میں لکھیے۔ مضمون نما سوالات کو شروع میں تمہید اور آخر میں اخذ شدہ نتائج کے ساتھ لکھیے۔ تمہید میں بتائیے کہ آپ نے سوال کو کس طرح سمجھا ہے اور جواب کس طرح آپ پیش کرنے جا رہے ہیں۔ آخر میں سوال کے جواب کو سمیٹ کر نتیجہ اخذ

کیجیے اور جواب دیتے وقت دوسری کتابوں کا آپ حوالہ بھی دے سکتے ہیں۔ اس طرح آپ کے مطالعے کی وسعت کا اندازہ ہو گا اور موضوع پر آپ کی گرفت اور گیرائی کا بھی پتا چل سکے گا۔

آپ کو اپنے جوابات کے سلسلے میں معلوم ہونا چاہیے کہ وہ:

- منطقی نوعیت کے ہوں
- جملے اور پیراگراف کے درمیان ربط ہو
- خیال اور طرز تحریر میں مطابقت ہو
- سوالوں کے مطابق ہی جامع جواب تحریر کیجیے

ہدایت:

یاد رہے کہ سمسٹر کے امتحان میں بیٹھنے سے پہلے آپ کو ہر کورس کا اسائن مینٹ جمع کرنا ہے۔ اسائن مینٹ کی ایک کاپی اپنے پاس محفوظ رکھیے تاکہ گم ہونے کی شکل میں حوالے کے لیے آپ کے پاس اپنا اسائن مینٹ موجود ہو۔

اپنا اسائن مینٹ لکھنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے:

1۔ پروگرام گائڈ میں اسائن مینٹ سے متعلق دی گئی ہدایات کا بغور مطالعہ کیجیے۔
2۔ اپنا نام، رول نمبر اور تاریخ کاپی کے پہلے حصے کی بائیں جانب لکھیے۔
3۔ کاپی کے بیچ میں کورس کا نام، اسائن مینٹ نمبر اور اپنے اسٹڈی سنٹر کا نام لکھیے۔
4۔ آپ کو ہر کورس کا اسائن مینٹ جمع کرنا ہے۔ اگر اسائن مینٹ جمع نہیں کیا تو سمسٹر کے امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ملے گی۔
5۔ اپنے اسائن مینٹ کے لیے فل اسکیپ سائز کا کاغذ استعمال کیجیے۔
6۔ جواب سے پہلے متعلقہ سوال لکھنا ضروری ہے۔
7۔ اسائن مینٹ اپنی تحریر میں ہونا چاہیے۔
8۔ اسائن مینٹ آپ اپنے اسٹڈی سنٹر پر جمع کیجیے۔

آپ اپنے اسائن مینٹ کی کاپی کا پہلا صفحہ اس طرح پر کیجیے:

کورس کا عنوان (اردو)------------------------/ -----------------------Course Title

اسائن مینٹ نمبر--------------------رول نمبر---------------------------------------

نام (اردو)--------------------/ ---------------------------Name in English

اسٹڈی سنٹر کا نام---

Last date for submission of Assignment

For December Examination:31st October

For June Examinatio: 30th April

نوٹ: اسائن مینٹ جمع کرنے کی آخری تاریخ کے متعلق جاننے کے لیے IGNOU کی ویب سائٹ دیکھتے رہیے۔

Good Luck!

ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

Course Code:	BULE-001
Course Title:	اردو ساخت کے عناصر
Assignment Code:	BULE-001/TMA/July 2024 & Jan 2025
Coverage:	All Blocks
Marks:	100

نوٹ:- سبھی حصوں سے تمام سوالوں کے جواب دیجیے۔ سوالوں کے نمبر ان کے سامنے درج ہیں۔

(حصہ الف)

سوال1۔ اردو کے صوتی نظام پر اظہار خیال کیجیے۔ (10)

یا

اردو کی آوازوں اور حروف کے حوالے سے ایک نوٹ لکھیے۔

سوال2۔ اردو کی عربی اور فارسی آوازوں سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔ (10)

یا

اردو الفاظ کی ساخت اور ان کی بناوٹ سے بحث کرتے ہوئے مرکب الفاظ کی ساخت کی خصوصیات بیان کیجیے۔

سوال3۔ لاحقوں اور سابقوں کی مدد سے تشکیل پانے والی اسمی ساقوں کو مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔ (10)

یا

اردو صفات کی ساخت سے بحث کرتے ہوئے اس کے نمایاں پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔

(حصہ ب)

سوال4۔ اردو آوازوں کی رکنوں میں تقسیم و ترتیب سے مفصل بحث کیجیے۔ (15)

یا

اردو آوازوں کی بنیادی شکلوں پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

سوال5۔ اردو خوشوں کی ساخت سے مفصل بحث کیجیے۔ (15)

یا

الفاظ کی بناوٹ اور مرکب ساخت پر مفصل اظہار خیال کیجیے۔

(حصہ ج)

سوال6۔ الفاظ کی درجہ بندی میں اسما، صفات اور افعال کی حیثیت سے مفصل بحث کیجیے۔ (20)

یا

اردو کی ترکیبی ساخت اور اردو میں مطابقت کے عمل پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

سوال7۔ اردو رسم خط پر مفصل اظہار خیال کیجیے۔ (20)

یا

محاوروں اور کہاوتوں کی تعریف کرتے ہوئے اردو محاروں اور کہاوتوں کی خصوصیات اور اس کی اہمیت پر ایک تفصیلی مضمون لکھیے۔